## سوال

عبادات

## جواب

تسبیحات رکوع وسجدہ کی تعدادالسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ رکوع اور سجدے میں پڑھی جانے والی تسبیح "سبحانک اللھم ربنا وبحمدک اللھم اغفرلی "یا دیگر لمبی تسبیحات کیا صرف ایک دفعہ پڑھی جاسکتی ہیں یا تین بار پڑھنا ضروری ہے ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! مذکورہ تمام تسبیحات کو ایک دفعہ پڑھنا واجب اور ضروری ہے ، جبکہ ایک سے زائد بار پڑھنا مستحب اور افضل عمل ہے ، کیونکہ نبی کریم ﷺ کثرت سے یہ تسبیحات پڑھا کرتے تھے ۔ سیدہ عائشہ فرماتی ہیں ۔ « کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یکثر أن یقول فی رکوعہ وسجودہ سبحانک اللھم ربنا وبحمدک اللھم اغفرلی [بخاری :۳۹۵۵] نبی کریم اپنے رکوع اور سجدوں میں کثرت سے سبحانک اللھم ربنا وبحمدک اللھم اغفرلی پڑھتے تھے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی